نمبر ... گزٹ ریاست رامپور ... جلد

RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ٦ - ربیع الثانی سنہ ١٣٤٦ھ مطابق ٣ اکتوبر سنہ ١٩٢٧ء

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقعہ ١٨ ستمبر سنہ ١٩٢٧ء

مثبتہ رپورٹ ممبر صاحبان کونسل خاندان درباره اضافہ مبلغ للعہ ماہانہ بشاہرہ صاحبزادہ سید ارشاد اللہ خان بہادر اہلمد کونسل خاندان - بوجہ کمی تنخواہ -

حکم

صاحبزادہ سید ارشاد اللہ خان اہلمد کونسل خاندان کی تنخواہ میں بموجب رپورٹ چار روپیہ اضافہ منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقعہ ١٢ ستمبر سنہ ١٩٢٧ء

بنظر سہولیت انتظامی امر مرتبہ تاریخ ختم سال حسابی ٢٩ ستمبر سنہ ١٩٢٧ء کو بند کردی جائیگی - صیغہ جات سے حسابات ٣٠ ستمبر سنہ ١٩٢٧ء تک اجلاس ہمایون میں پہنچ جائیں تاکہ حکم جرائی ہو کر خرچ میں پڑ سکیں - لہذا

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے فوراً احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل اس روبکار کی عالیجناب نواب ولیعہد بہادر کے اجلاس میں مرسل ہو -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

بابوائے احکام شفاخانہ - جیل - مطبع - سررشتہ انسپکٹری - مدارس - مدرسہ عالیہ - ہائی اسکول کو حکم اجلاس ہمایون کی نقل توجہ کیلئے بھیجی جائے -

اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	صفحہ
١	اضافہ اہلمد کونسل خاندان	١
٢	تعیین تاریخ ختم سال حسابی	"
٣	اسامی محافظ دفتر ججشپ	٢
٤	رخصت دفتردار کتب خانہ	"
٥	تقرر مولوی محمد علی صاحب برعہدہ ممبری [illegible]	"
٦	تفویض [illegible] صاحب [illegible] سکریٹری بہادر	"
٧	بابت [illegible] تنخواہ اہلکاران پریس [illegible]	٢ و ٣
٨	معافی [illegible] سید شوکت علی [illegible]	٣
٩	توسیع مدت ملازمت [illegible]	"
١٠	رخصت محرر مال تحصیل شاہ آباد	"
١١	" منشی محمود علیخان اہلمد	"
١٢	" نائب [illegible] صدر	٣ و ٤
١٣	" اہلمد بندوبست	٤
١٤	توسیع ملازمت مدرس [illegible]	"
١٥	" مدرس [illegible]	"
١٦	" مدرس [illegible]	"
١٧	" مدرس [illegible]	"
١٨	" مدرس [illegible]	"
١٩	تبادلہ مدرس [illegible]	"
٢٠	نقشہ بارش [illegible]	[illegible]

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم

اضافہ

۲۲ ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

مشتمل رپورٹ صاحب فنانشل سکریٹری بہادر در بارہ رپورٹ بخشی فوج در بارہ اضافہ تنخواہ بقدر پانچ روپیہ سید عسکری حسن محافظ دفتر سررشتہ بخشگیری تنخواہ ۲۰ روپیہ بوجہ خوش اسلوبی کام۔

حکم

سید عسکری حسن کی تنخواہ موجودہ میں یکم اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ء سے پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۳ ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

مشتمل رپورٹ سردار صاحب ڈپوٹی در بارہ منظوری رخصت مزید آٹھ یوم مولوی محمد نبی صاحب جلد ساز ملازم کتب خانہ بوجہ علالت من ابتدائے ۱۰ ستمبر سنہ حال۔

حکم

مزید رخصت آٹھ یوم منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۱۶ ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

مشتمل یادداشت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر در بارہ صدور حکم مقرر کئے جانے عبدالوحید خان ممبر میونسپلٹی بر حلقہ نمبر (۸) بذریعہ ظریف بجائے مولوی محمد تقی پروفیسر ممبر میونسپلٹی بوجہ عدم واقفیت حالات اہل محلہ و تھوڑے سکونت بمحلہ مذکور۔

حکم

حسب صراحت رپورٹ بجائے مولوی محمد تقی پروفیسر ممبر میونسپلٹی کے عبدالوحید خان کو نمبر (۸) پر حلقہ بذریعہ ظریف ممبر میونسپلٹی مقرر کیا جانا منظور ہے۔ اور مولوی محمد تقی پروفیسر کو ممبر سرکاری میونسپلٹی میں بنایا جانا منظور ہے۔ اب بجائے (۳۵) کے (۳۶) ممبر میونسپلٹی میں ہونگے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۲۱ ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

موجودہ صیغہ [illegible] صاحب ملٹری سکریٹری [illegible] سنہ ۱۹[illegible] سے تخفیف کر دیا گیا [illegible] دیا جائیگا۔ بصورت ڈپارٹمنٹ نہیں رہیگا چونکہ یہ صیغہ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے تفویض تھا اسکے تخفیف ہو جانے سے انکے پاس کام کم صرف صیغہ میونسپلٹی رہ گیا۔ اور صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کے پاس صیغہ جات بہت زیادہ ہیں حال ہی میں ایک بڑا صیغہ (الیکٹرک) انکے ڈپارٹمنٹ میں شامل ہوا ہے۔ مناسب ہے کہ صیغہ روشنی خانہ جات صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے تفویض کیا جائے۔ تاکہ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کو صیغہ جات تعمیرات۔ الیکٹرک بجلی گھر وغیرہ وغیرہ کی جانب توجہ کرنے کے لئے کافی موقع ملیگا۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس سے روشنی خانہ جات کا تعلق بدستور رہیگا۔ آیندہ سے صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کاغذات روشنی خانہ جات بجائے صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کے صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے پاس بھیجیں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۲۲ ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

اہلکاران متعینہ اجلاس ہذا تنخواہیں و الاؤنس صیغہ سکریٹریٹ و پرنسز بجٹ سے پاتے ہیں سال سنہ ۲۷-۱۹۲۶ء سے اجلاس ہذا کا بجٹ علیحدہ قایم ہو گیا۔ چونکہ تنخواہ ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء کی بجٹ سال سنہ ۲۷-۱۹۲۶ء سے محسوب ہوگی بنابراں متعلق تنخواہ حسب ذیل منظوری کیجاتی ہے۔

۱- میجر عطاء الرحمن صاحب پرسنل اسسٹنٹ کو تین سو روپیہ ماہوار صیغہ سکریٹریٹ سے ملتا اب بجٹ اجلاس ہذا سے ملینگے۔

۲- منشی ظہیر الحسن پیشکار اجلاس کو ساٹھ روپیہ ماہوار پرنسز بجٹ سے اور [illegible] الاؤنس صیغہ سکریٹریٹ سے ملتے ہیں [illegible] ماہوار الاؤنس شامل تنخواہ ہو کر [illegible] بجٹ اجلاس ہذا میں منتقل کئے جائیں۔

۳- سید شوکت علی انگلش کلرک [illegible] اور مرزا فدا حسین وفعدار سائیکل سوار [illegible] ماہوار اور سید ارشاد علی دفتری [illegible] ماہوار شفیع احمد خان و حشمت خان چپراسیان دس دس روپیہ ماہوار صیغہ پرنسز بجٹ سے پاتے ہیں یہ کل تنخواہیں بجٹ اجلاس ہذا میں منتقل کیجائیں اور آیندہ سید شوکت علی ہیڈ کلرک اجلاس کے نام سے موسوم کیا جائے بجٹ اجلاس ہذا بتعداد [illegible] بنابر سال سنہ ۲۷-۱۹۲۶ء منظور ہوا ہے۔ جسکا کام جداگانہ جاری ہو گیا۔

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل روبکار ہذا صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔ اور ایک نقل روبکار ہذا صاحب فائنانشل سکریٹری بہادر کے پاس بغرض اطلاع خزانہ و حسابداری وزارت مرسل ہو۔ اور ایک نقل روبکار ہذا صاحب سپرنٹنڈنٹ [illegible] سپرنٹنڈنٹ [illegible] کے پاس مرسل ہو۔ اور ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ ملازمان متعلق تنخواہ کا برآورد ماہ ستمبر ۱۹۲۶ء سے کیا جائے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

احکام اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

معافی

۲۰ ستمبر ۱۹۲۶ء

سید شوکت علی انجکشن کلرک کو اس سے قبل چار یوم کے واسطے معطل کیا گیا۔ آئندہ بنظر رحمت نوازی معطلی عرصہ بالا معاف کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ [illegible] گزٹ [illegible]

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

توسیع

۲۰ ستمبر ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر متضمن تحقیقات برخلاف رپورٹ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر متعلقہ تحقیقات۔

حکم

محمد علیخاں اور محمد احمد خاں سنیٹری انسپکٹران کی ملازمت عارضی میں بسلسلہ انتظام وبا مزید چھ ماہ کی توسیع منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

بحضور شہزادہ آقائی عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

عرضی [illegible]

جناب عالی

سنیٹری انسپکٹران کے متعلق رپورٹ صاحب چیف میڈیکل افسر منسلک ہے۔ کاغذات بلاغ اجلاس حضور میں مع الادب

مرقومہ دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
معروضہ ۲۲ ستمبر ۱۹۲۶ء

تحریر صاحب چیف میڈیکل افسر مورخہ ۲۱ ستمبر ۱۹۲۶ء

بہ واپسی کاغذات گزارش ہے کہ باوجود تلاش کے ابتک کام کے آدمی سنیٹری انسپکٹر کی جگہ کے واسطے نہیں ملے۔ موجودہ عارضی سنیٹری انسپکٹر درحقیقت کام سے [illegible] ہیں مگر سیکھا ہوا آدمی نہ ملنے کی وجہ سے ان سے کام لیا جا رہا ہے۔ چونکہ کوئی باقاعدہ سلسلہ افسری نہیں تھا۔ سنیٹری انسپکٹران کو کام سیکھنے کا موقع نہیں ملا۔ [illegible] سنیٹری انسپکٹران کی خدمت ضرورت کرنے رہیں۔ لہذا [illegible] ہے کہ محمد علیخاں اور محمد احمد [illegible] کی ملازمت عارضی کے چھ ماہ کے واسطے توسیع منظور فرمائی جاوے۔ اس عرصہ میں اگر یہ لوگ کام سیکھ گئے تو مستقل ہونے کی گزارش کیجاوے گی۔ یا کوئی اور کام سیکھا ہوا شخص مل جاوے گا۔ کاغذات جو صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر مرسل ہوں۔

دستخط صاحب چیف میڈیکل افسر

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۳ ستمبر ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ تحصیلدار صاحب شاہ آباد و سفارش حاکم صاحب صدر [illegible] منظوری رخصت مزید پندرہ یوم منشی ابن علی [illegible] مال تحصیل شاہ آباد [illegible] ۱۹۲۶ء [illegible]

حکم

حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب شاہ آباد و حاکم صاحب صدر رخصت پندرہ یوم مزید ابن علی [illegible] مال تحصیل شاہ آباد [illegible] منظور ہے۔ ایام رخصت کی نصف تنخواہ [illegible] کو دیجاوے۔ اور نصف تنخواہ [illegible] سرکار ہو۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ ستمبر ۱۹۲۶ء

مثل درخواست منشی محمود علیخاں [illegible] اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر باستدعای رخصت مزید ہشت یوم بوجہ تقاضائے ضرورت [illegible]

حکم

رخصت آٹھ یوم سائل مزید منظور ہے۔ جو اہلکار صدر سے سائل کے متعلق کام کرنے کو آیا ہے وہ تا ختم رخصت بدستور رہے اور سائل کو ذریعہ ناظر اطلاع دیجاوے کہ ختم رخصت پر حاضر ہو۔ سائل [illegible] کام میں وقت نہ ہو۔ احکام جاری ہوں۔ سررشتہ [illegible] صدر کو بھی اطلاع دیجاوے۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۶ ستمبر ۱۹۲۶ء

مثل نوٹ حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت عزیز الرحمن خان

نائب رسالدار صدر۔

حکم

یہ کاغذات پیش ہوئے۔ نوٹ حاکم صاحب صدر مورخہ ۲۰ ستمبر سنہ حال ملاحظہ ہوا۔ نائب رسالدار صدر کے متعلق ذمہ داری کا کام ہے۔ وہ کسی اہلمد کے سپرد نہیں کیا جا سکتا۔ بنظر مناسب حکم ہوا کہ نائب رسالدار صدر کی رخصت میں یوم من ابتداء ۲۰ ستمبر سنہ حال وضع تنخواہ منظور رہے۔ ایام رخصت میں رسالدار صدر کے کام متعلقہ نائب رسالدار صدر انجام دیں۔ اور کام رسالدار صدر محمد حمایت اللہ خان جو صدر میں رسیدوار ہیں کام سیکھ رہے ہیں وہ کام انجام دیں۔ رسالدار صدر حمایت اللہ خان کو کام متعلقہ سمجھا دیں۔ حاکم صاحب صدر نائب رسالدار صدر کو اطلاع دیں کہ ختم رخصت پر حاضر ہوں آئندہ رخصت نہیں دیجائیگی کیونکہ کام کا زمانہ ہے۔ اور یہ کام تکمیل امانت ضمانت جلد ختم ہونیکی ضرورت ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔ نقل حکم بخدمت حاکم صاحب صدر مرسل ہو۔
دستخط صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۲۰ ستمبر ۱۹۲۷ء

مثل رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست بابتہ منظوری رخصت رعایتی آٹھ یوم
حافظ نصیر احمد خان اہلمد بندوبست بسلسلۂ رخصت سابقہ من ابتدائے
۱۱ ستمبر سنہ حال بوجہ تاخیر سے ملنے جہاز

حکم

رخصت مطلوبہ حسب رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست منظور رہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں
دستخط صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

توسیع

۱۷ ستمبر ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مسمے بشیر الاسلام مدرس بھوٹ کی تحصیل شاہ آباد کی مدت ملازمت امتحانی میں یکم اکتوبر ۱۹۲۷ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔
دستخط فارصاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

توسیع

۱۷ ستمبر ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس کرامت علیخان مدرس ریوڑی تحصیل شاہ آباد کی

ملازمت امتحانی میں یکم اکتوبر ۱۹۲۷ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی۔ لہذا۔ حکم ہوا کہ۔
نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔
دستخط فی صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

توسیع

۱۷ ستمبر ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مسمے شوکت حسین نائب مدرس مدرسہ نگیری کی مدت ملازمت امتحانی میں ۳۰ ستمبر ۱۹۲۷ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔
دستخط فی صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

توسیع

۱۷ ستمبر ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مسمے کستوری لال مدرس کوپ تحصیل شاہ آباد کی مدت ملازمت امتحانی میں یکم اکتوبر ۱۹۲۷ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔
دستخط فی صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

توسیع

۱۷ ستمبر ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس۔ قدرت اللہ خان مدرس دوم مدرسہ گھیر قلندر خان کی مدت ملازمت امتحانی میں ۲۰ ستمبر ۱۹۲۷ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی۔ لہذا حکم ہوا کہ
نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔
دستخط فی صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

تبادلہ

۱۹ ستمبر ۱۹۲۷ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس۔ الٰہی بخش مدرس پنجاب نگر پرگنہ صدر تحصیل تنخواہ ۸ روپیہ ماہوار کا تبادلہ مدرسہ ڈونگر پور تحصیل بلاسپور کو کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔
دستخط فی صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائے ۲۰ ستمبر لغایۃ ۲۶ ستمبر ۱۹۲۶ء رامپور

تاریخ روزانہ	صدر ریاست: یومیہ بارش	صدر ریاست: جملہ بارش	تحصیل بلاسپور: یومیہ بارش	تحصیل بلاسپور: جملہ بارش	تحصیل سوار: یومیہ بارش	تحصیل سوار: جملہ بارش	تحصیل شاہ آباد: یومیہ بارش	تحصیل شاہ آباد: جملہ بارش	تحصیل ملک: یومیہ بارش	تحصیل ملک: جملہ بارش	تحصیل ٹانڈہ: یومیہ بارش	تحصیل ٹانڈہ: جملہ بارش
۲۰ ستمبر ۱۹۲۶ء روز سہ شنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۷۶	۰	۳۴۳½	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵
۲۱ " " چہارشنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	۰	۳۴۳½	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵
۲۲ " " پنجشنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	۰	۳۴۳½	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵
۲۳ " " جمعہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	۰	۳۴۳½	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵
۲۴ " " شنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	۰	۳۴۳½	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵
۲۵ " " یکشنبہ	۰	۴۱۵	۰	۳۶۶	۰	۳۴۳½	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵
۲۶ " " دوشنبہ	۰	۴۱۵	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۳۴۳½	۰	۴۴۱	۰	۴۳۸	۰	۳۸۵

ہفتہ اول نقشہ اجناس ریاست رامپور ماہ اکتوبر ۱۹۲۶ء

نام جنس	خود تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۷ ار ۱۷½ ار ۱۸ ار	۰	۰		[illegible]	۱۷½	
نخود خالص	۱۰ ار ۱۰ ار	۰	۰	[illegible]	۱۶	۱۹ ار	
نخود وکسہ آمیز	۱۵ ار ۱۵½ ار	۰	۰	۰	۱۵ ار	۱۵ ار	
کسہ	۱۰ ار	۰	۰	۰	۱۰ ار	۱۰ ار	
ماش	۶½ ار	۰	۰	۰	۱۶	۱۵ ار	
مونگ	۵ ار ۵½ ار	۰	۰	۰	۰	۱۵ ار	
جو	۱۱ ار ۱۱ ار	۰	۰	۰	۱۲ ار	۱۱ ار	
جئی	۱۳ ار	۰	۰	۰	۰	۱۱ ار	
گوجئی	۱۲ ار	۰	۰	۰	۰	۱۹	
عدس	۶½ ار	۰	۰	۰	۷ ار	۱۶ ار	
ارہر	۱۶	۰		۰	۷ ار	۱۶ ار	
برنج	۱۵ ار ۱۵½ ار ۱۵ ار	۰	۰	۰	۱۵	۱۵ ار	
روغن زرد	۲ چھٹانک	۰	۰	۰	[illegible]	[illegible]	
روغن سیاہ	۲ ار	۰	۰	۰	۱۰ ار	۱۰ ار	
روغن کنجد	۱ ار	۰	۰	۰	۱ ار	۱ ار	
نمک سانبھر	۱۲ ار	۰	۰	۰	۱۲ ار	۱۲ ار	
نمک لاہوری	۶ ار	۰	۰	۰	۰	۸ ار	
قند سیاہ	[illegible]	۰	۰	۰	۹ ار	۸ ار	
باجرہ	۱۶ ار	۰	۰	۰	۱۰	۹ ار	